پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ : www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ : www.rbi.org.in
ای میل : helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات،، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی 400001
فون: 91 22 2266 0502 فیکس 91 22 22660358


13 فروری 2019

## دی کریم نگر کوآپریٹیو اربن بینک لمیٹیڈ، کریم نگر، تلنگانہ۔ جرمانہ عائد

ریزروبینک آف انڈیا نے ''دی کریم نگر کوآپریٹیو اربن بینک لمیٹیڈ، کریم نگر، تلنگانہ پر پچاس ہزار روپیہ (Rs.50,000) کا مالیاتی جرمانہ عائد کیا ہے۔ آر بی آئی نے اس کوآپریٹیو بینک پر یہ جرمانہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 (جیسا کہ کوآپریٹیو سوسائٹیز پر لاگو ہے) کے سیکشن 47A(I)(c) جس کو سیکشن 46 کے سب سیکشن (4) کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے، کے پراویزن کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے اس بینک کے ذریعہ آر بی آئی کی گائیڈ لائنس/ ڈائریکٹیوز/ ہدایات کی خلاف ورزی کرتے ہوئے اپنی تعمیلی رپورٹ پیش کرنے کی وجہ سے عائد کیا ہے۔

آر بی آئی نے اس بینک کو ایک وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا تھا۔ اس کے جواب میں بینک نے ایک تحریری جواب نامہ داخل کیا۔ معاملہ کی حقیقت اور نوعیت و بینک کے جواب پر غور کرنے کے بعد ریزروبینک اس نتیجہ پر پہونچا کہ خلاف ورزیاں تو کی گئی ہیں اور اس پر جرمانہ عائد کر دیا۔

اجیت پرساد

اسسٹنٹ ایڈوائزر

پریس ریلیز: 1927/2018-2019